☆......تبصرے کے لیے دو کتابیں بھیجنا ضروری ہے۔
☆......کتابیں مرکزی دفتر کے پتے پر ارسال کیجیے۔

''ایمان کے تقاضے'' (درس شعب الایمان)

شیخ الاسلام مولانا مفتی محمد تقی عثمانی مدظلہم۔صفحات: 264۔ قیمت: لکھی نہیں۔ ملنے کا پتا: مکتبۃ الایمان کراچی۔ فون: 0332-3552382

حضرت اقدس حضرت مولانا مفتی محمد تقی عثمانی دامت برکاتہم العالیہ کی کسی کتاب پر تبصرہ کرنا بندہ کے خیال میں سوءِ ادب ہے۔ہاں تعارف پیش خدمت ہے۔''ایمان کے تقاضے'' حضرت مفتی صاحب دامت برکاتہم کے امام بیہقی رحمہ اللہ کی کتاب ''شعب الایمان'' کے حوالے سے کیے گئے مواعظ کا مجموعہ ہے۔ زیر نظر کتاب اس سلسلے کی پہلی جلد ہے اور اس میں دس وعظ شامل ہیں۔جن کے عنوانات حسب ذیل ہیں:

۱۔ ذکر اللہ گناہ سے بچاتا ہے۔۲۔ ذکر میں شیطانی مکر وفریب۔۳۔ اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کا راستہ۔۴۔ دل سے زنگ ہٹانے کا طریقہ۔۵۔ ذکر اللہ میں رکاوٹیں۔۶۔ چند الوداعی نصیحتیں۔۷۔عرش کے سائے تلے۔۸۔ ہر وقت کرنے کا عمل۔۹۔ غافلوں میں ذکر کی اہمیت۔۱۰۔ سوئم کلمہ کی تشریح۔ حضرت والا کے مواعظ آسان اور عام فہم اسلوب میں ہوتے ہیں۔ سننے والے کی سماعت سے گزر کر سیدھے دل میں تراز و ہو جاتے ہیں۔ان مواعظ سے علماء اور عامی دونوں ہی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

''تربیتی بیانات''

شیخ الاسلام حضرت مفتی محمد تقی عثمانی مدظلہم۔صفحات: 24۔طباعت: عمدہ۔ ملنے کا پتا: مکتبۃ الایمان کراچی۔فون: 0321-2466024

یہ بھی حضرت شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد تقی عثمانی مدظلہم کے بیانات کا دلپذیر مجموعہ ہے۔اس مجموعے میں بارہ بیانات شامل ہیں۔جن کے عنوانات حسب ذیل ہیں: ۱۔تقویٰ کی حقیقت۔۲۔خشوع کی اہمیت۔۳۔خشوع پیدا کرنے کے طریقے۔۴۔غیر اختیاری خیالات خشوع کے منافی نہیں۔۵۔گناہ کو گناہ سمجھیں۔۶۔ہمارے چند سنگین